ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(331)

16.06.23

**بہاول پور(          ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن ریکریشن ہال میں تفتیشی افسران کیلئے ہفتہ وار کپیسٹی بلڈنگ کورس کا انعقاد کیا گیا۔جس میں افسران نے نئے ترقی پانے والے تفتیشی افسران کو تفتیش سے متعلقہ قوانین،انوسٹی گیشن تیکنیکس ،کرائم سین مینجمنٹ اوراخلاقیات واقدار پر لیکچر دیا۔**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر ڈی ایس پی لیگل عبدالرؤف جاوید کی زیر نگرانی ڈسٹرکٹ پولیس لائن ریکریشن ہال میں نئے ترقی پانے والے افسران کیلئے ایک روزہ کپیسٹی بلڈنگ کورس کا انعقاد کیا گیا۔جس میں راؤ کنور محمد قاسم (ریٹائرڈ) ایس پی لیگل بہاولپور،سید محمد عمران، ملک علیم ایڈیشنل ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹرز بہاولپور، ثناء اللہ ASI انچارج CDR،محمد ابراہیم ASI انچارج CRO نے تفتیشی افسران کو تفتیش سے متعلقہ قوانین، انوسٹی گیشن تیکنیکس ،کرائم سین مینجمنٹ اوراخلاقیات واقدار پر لیکچر دیا۔لیکچر دینے والے افسران نے تفتیشی افسران کو کپیسٹی بلڈنگ کورس کے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس سنگین اوردیگر مقدمات درج ہونے کے بعد روایتی اور جدید طریقہ کار کو استعمال کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرکے عدالت میں پیش کرتی ہے، پولیس مثل مقدمہ اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو سزادلوانے میں اپنی تمام تر وسائل اورتوانائیاں صرف کرتی ہے، پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کا ملزمان کو سزا دلوانے میں نہایت اہم رول ہے، پولیس اور پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ نے ملکر جرائم پیشہ عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے۔ملزمان کو مقدمات میں کم سزا یا بری ہونے سے ان کو حوصلہ ملتا ہے اوروہ دوبارہ کرائم کرتے ہیں،ان کو زیادہ سے زیادہ سزادلوانا نہایت ضروری ہے تاکہ ان کی حوصلہ شکنی ہو اوردوسرے ان سے سبق حاصل کریں۔مزید تفتیشی افسران کو لیکچر دیتے ہوئے کہا کہ جدید تقاضوں کے مطابق تفتیش کے معیار کو کیسے مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے، تفتیش کا شعبہ نہایت اہمیت کا حامل ہے جیسا کہ آپ لوگ دن رات جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے کام کرتے ہیں اورملزمان کی گرفتاری کو ممکن بناتے ہیں پھر مرحلہ آتا ہے ان ملزمان کے خلاف پیروی مقدمات اورعدالتوں سے ان کی سزایابی کا اور یہ تب ہی ممکن ہے جب تفتیش کے ساتھ مثل کو یکسو اس طور کیا جائے کہ اس میں کوئی سقم نہ ہو،مثل میں کڑی سے کڑی ملی ہونا ضروری ہے تاکہ مجرم سزا یابی سے نہ بچ سکیں۔تفتیش کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے کی جانے والی باتوں کو ذہن نشین اوران پر عمل کریں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس لائن کے ریکریشن ہال میں نئے ترقی پانے والے افسران کیلئے ڈی ایس پی لیگل عبدالرؤف جاوید کی زیر نگرانی ہفتہ وار کپیسٹی بلڈنگ کورس کا انعقاد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(332)

16-06-2023

**بہاول پور( )جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،سکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،سکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں مؤثر گشت اور سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: جمعتہ المبارک ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں